پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

جنرل ہسپتال میں انفیکشن پری وینشن ویک کا آغاز، ملازمین تربیتی ورکشاپ میں شریک

نرسز و پیرامیڈیکل سٹاف کو انفیکشن سے بچاؤ کے لئے ایس او پیز پر عملدرآمد کرنا چاہیے: پرنسپل پی جی ایم آئی

صفائی ستھرائی کا خیال رکھ کر مریضوں کے اخراجات اوروقت کو بچایا جا سکتا ہے: ڈاکٹر لیلہ شفیق

ہسپتال کے ہر شعبے میں صفائی اور انفیکشن فری سپرے کا خصوصی بندوبست: ایم ایس

بحیثیت مسلمان صفائی ستھرائی ایمان کا لازمی جزو، گندگی پھیلانے اورتھوکنے سے اجتناب کریں: کوثر تسنیم، رقیہ بانو

انفیکشن فری لوگو مریضوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی میں بھی معاون ثابت ہوگا: رانا پرویز ،خالدہ تبسم

لاہور19فروری:۔۔۔۔۔جنرل ہسپتال میں مریضوں کو انفیکشن سے پاک ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے مختلف سرگرمیوں پر مبنی خصوصی ہفتہ منایا جا رہا ہے جس کے تحت آگاہی ورکشاپ، ڈاکٹروں ،نرسوں و پیرامیڈیکل سٹاف کی خصوصی تربیت اور دیگر ایسے اقدامات شامل ہیں جن سے ہسپتال میں صفائی ستھرائی اور مریضوں کو جراثیم سے پاک ایسا ماحول فراہم کیا جا سکے جس سے وہ کم سے کم وقت میں صحت یاب ہو کر اپنے گھروں کو لوٹ سکیں ۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے گزشتہ روز ڈاکٹروں و طبی عملے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نرسز و پیرامیڈیکل سٹاف کو ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو انفیکشن سے بچاؤ کے لئے طے شدہ ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ۔اس موقع پر نرسز و پیرامیڈیکس موجود تھے ۔

سی ایس ایس ڈی کی سربراہ ڈاکٹر لیلہ شفیق، پرنسپل نرسنگ کالج کوثر تسنیم اور ڈپٹی نرسنگ سپرٹینڈنٹ رقیہ بانو نے کہا کہ میڈیکل سٹاف کے علاوہ ہسپتال میں آنے والے مریض اور اُن کے لواحقین کو بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے جگہ جگہ کوڑا کرکٹ، گندگی پھیلانے اور تھوکنے سے اجتناب کرنا چاہیئے ۔بحیثیت مسلمان صفائی ستھرائی ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے اور مریض کے طور پر ان اقدار کا خیال رکھ کر مریضوں کے اخراجات اور وقت کو بچایا جا سکتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ مریض ہم سب کے لئے سب سے اہم حیثیت رکھتا ہے اُن کی صحت کا تحفظ ہی ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ خالدہ تبسم اور رانا پرویز کا کہنا تھا کہ انفیکشن فری لوگو نہ صرف جنرل ہسپتال کا نام بلند کرے گا بلکہ مریضوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ایل جی ایچ ڈاکٹر محمود صلاح الدین نے منائے جانے والے اس ہفتے کے اہم خدوخال پر روشنی ڈالی ۔انہوں نے بتایا کہ ہر شعبے میں صفائی اور انفیکشن فری سپرے کا خصوصی بندوبست کیا گیا ہے تا کہ بیڈشیٹ ،طبی آلات کی کٹ اور دیگر اشیاء کو جراثیم سے پاک رکھا جا سکے ۔انہوں نے جنرل ہسپتال میں منائے جانے والے اس ہفتے کو مریضوں کے لئے خوش آئند قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں ،نرسوں اور پیرامیڈیکل سٹاف کا صرف اور صرف ایک نصب العین ہونا چاہیے کہ ہم سب نے مل کر مریضوں و بیماروں کو انفیکشن سے بچا کر جلد سے جلد صحت یاب کرنا ہے ۔انفیکشن سے بچاؤ کے اس ہفتے کے کورس ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد عرفان ملک اور ڈاکٹر آمنہ آصف نے بھی اس موقع پر گفتگو کی اور بتایا کہ انفیکشن پری وینشن ویک کی ورکشاپ کا انعقاد انتہائی مفید رہا ہے جس میں مختلف ڈاکٹرز نے انفیکشن سے بچاؤ کے لئے آگاہی لیکچرز دیے ہیں ۔ورکشاپ میں سوال جواب کا سیشن بھی ہوا ۔اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے گئے ۔

☆☆☆☆

لاہور جنرل ہسپتال میں انفیکشن فری ہفتے کا انعقاد، آگاہی سیمینار و دیگر سرگرمیاں جاری ہیں۔